

# COVID-19 کے لئے ٹیبلٹ علاج کے بارے میں

COVID-19 کے لئے ٹیبلٹ علاج کے بارے میں آپ کے کچھ ممکنہ سوالات کے جوابات یہاں حاصل کریں۔

16 دسمبر 2021

**علاج کے لئے ہدف گروپ میں ہونے کے لئے، ضروری ہے کہ آپ:**

- کا PCR ٹیسٹ کے ساتھ COVID-19 کا ٹیسٹ مثبت آیا ہو
- COVID-19 سے شدید بیمار ہونے کے خطرے سے دوچارہوں*
- کو 5 دن تک COVID-19 کی علامات لاحق رہی ہوں۔

اگر مندرجہ بالا تینوں نکات آپ پر لاگو ہوتے ہیں، تو آپ ٹیبلٹ علاج کے لئے ٹارگٹ گروپ میں شامل ہو سکتے ہیں۔ لہذا آپ کو یہ پمفلٹ پڑھنا چاہئے اور جلد از جلد اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کرنا چاہئے، کیونکہ علاج کے موثر ثابت ہو سکنے کے لیے، یہ آپ کی علامات کے پہلے 5 دنوں کے اندر کیا جانا چاہئے۔

*صفحہ 3 پر مزید پڑھیں

## ٹیبلٹ علاج کے بارے میں

COVID-19 کے لئے ٹیبلٹ علاج ایک نیا علاج ہے جو زیادہ خطرے کے شکار لوگوں میں شدید بیمار ہونے کے خطرے میں کمی لا سکتا ہے۔ ٹیبلٹس کے اطلاع کردہ ضمنی اثرات ہلکے اور عارضی ہیں۔

فی الوقت یہ علاج یورپین میڈیسنز ایجنسی (EMA) کی جانب سے منظور شدہ نہیں ہے۔ ڈینش ہیلتھ اتھارٹی سفارش کرتی ہے کہ COVID-19 سے شدید بیماری کے زیادہ خطرے کے شکار مریض علاج شروع کر دیں، جیسا کہ یہ سمجھا جاتا ہے کہ شدید بیمار ہونے کے خطرے میں کمی لانے کے فوائد نمایاں ہیں، اور رپورٹ کردہ ضمنی اثرات ہلکے ہیں۔

## میں COVID-19 کے لئے ٹیبلٹ علاج کیسے کراؤں؟

آپ کا ڈاکٹر جائزہ لے گا کہ آیا ٹیبلٹ علاج آپ کے لئے موزوں ہو گا یا نہیں۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ ٹارگٹ گروپ میں ہیں، تو ضروری ہے کہ آپ جلد از جلد اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کریں کیونکہ آپ کی علامات کے پہلے 5 دنوں کے اندر علاج کرنا چاہئے۔

آپ اس بارے میں ذیل میں مزید پڑھ سکتے ہیں کہ ٹارگٹ گروپ میں کون ہے۔ اگر آپ اپنی علامات کے پہلے 5 دنوں کے اندر اپنے ڈاکٹر سے رابطہ نہیں کر سکتے ہیں، مثال کے طور پر کیونکہ ایسا اختتام ہفتہ پر ہوتا ہے، تو آپ اپنے ریجن/1813 میں ایمرجنسی سروس ڈاکٹر کو کال کر سکتے ہیں۔

# COVID-19 کے ٹیبلٹ علاج کے لئے ٹارگٹ گروپ میں کون ہے؟

آپ کا ڈاکٹر جائزہ لے گا کہ آیا آپ علاج کے لئے ہدف گروپ میں ہیں یا نہیں۔

درج ذیل معیار پر پورا اترنا لازمی ہے:

1. **کوویڈ-19 کے لئے ایک مثبت PCR ٹیسٹ**
اگر آپ کو شبہ ہے کہ آپ کو COVID-19 ہے، تو آپ کو ہمیشہ ایک PCR ٹیسٹ کرانا چاہئے۔ ایک اینٹی جن ٹیسٹ (ریپڈ ٹیسٹ) ٹیبلٹ علاج کے تئیں زیر غور آنے کے لئے کافی نہیں ہے۔

2. **آپ کی COVID-19 کی علامات زیادہ سے زیادہ 5 دن تک جاری رہنی چاہئیں**
اگر آپ میں کوئی علامات موجود نہ ہوں، یا آپ کی علامات 5 دن سے زیادہ وقت تک چل رہی ہیں، تو آپ ٹیبلٹ علاج کے لئے ٹارگٹ گروپ میں نہیں ہیں۔

3. **آپ مندرجہ ذیل گروپوں میں سے ایک میں ہونے پر COVID-19 سے شدید بیماری کے زیادہ خطرے سے دوچار ہوں گے:**

**الف۔** آپ کی عمر 80 سال یا اس سے زائد ہے – اس سے قطع نظر کہ آپ نے ویکسینیشن کرائی ہے یا نہیں

**ب۔** آپ نے ویکسینیشن نہیں کرائی ہے اور آپ کی عمریں 65-79 کے درمیان ہے

**ج:** آپ نے ویکسینیشن نہیں کرائی ہے، عمر 18-64 سال ہے، اور آپ COVID-19 سے شدید بیمار ہونے کے خطرے سے دوچار ہیں۔ آپ کو درج ذیل مسائل کے وجہ سے زیادہ خطرہ لاحق ہو سکتا ہے:
گردوں کی دائمی بیماری – جگر کی شدید دائمی بیماری – دل کی دائمی بیماری – زیادہ وزن – کینسر کا علاج – شدید لت/عادت - کوئی اور شدید دائمی بیماری یا حالت۔

**د۔** کچھ لوگ جنہوں نے ویکسین لگوائی ہوئی ہے اور عمر 80 سال سے کم ہے بھی علاج کے لئے ٹارگٹ گروپ میں ہو سکتے ہیں، مثال کے طور پر اگر آپ کئی مختلف شدید بیماریوں میں مبتلا ہیں۔

**ٹیبلٹ علاج کو حمل کے دوران استعمال نہیں کیا جانا چاہئے، لیکن اگر آپ حاملہ ہیں اور COVID-19 کے لئے آپ کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے تو اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کرنا بدستور ایک اچھا خیال ہے، کیونکہ آپ کے لئے دیگر متعلقہ علاج بھی موجود ہو سکتے ہیں۔**

## میں علاج کیسے کراؤں؟

یہ علاج 5 دنوں تک دن میں دو بار 4 کیپسولوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ علاج آپ کی COVID-19 کی علامات کے ہونے پر پہلے 5 دنوں کے اندر شروع کر دینا چاہئے۔

جیسا کہ آپ کا COVID-19 کے لئے ٹیسٹ مثبت آیا ہے اور اسی وجہ سے آپ علیحدگی اختیار کیے ہوئے ہیں، تو آپ کو فارمیسی سے خود جا کر گولیاں نہیں لینی چاہئیں۔ اس کے بجائے، آپ کسی رشتہ دار یا کسی اور فرد سے کہہ سکتے/سکتی ہیں کہ وہ آپ کے لئے گولیاں حاصل کرے، یا آپ انہیں فارمیسی سے ڈیلیور کرا سکتے/سکتی ہیں۔ COVID-19 کے لئے ٹیبلٹ علاج مفت ہے، لیکن ڈیلیوری کے لئے فیس ہو گی۔

## علاج کیسے کام کرتا ہے؟

ٹیبلٹ علاج وائرس کی تقسیم ہونے کی صلاحیت کو سست کر کے کام کرتا ہے۔

چونکہ یہ ایک نیا علاج ہے، اس لئے ابھی تک اس کے کوئی بڑے مطالعے نہیں کیے گئے ہیں۔ تاہم، ایک مطالعہ منعقد کیا گیا ہے جس میں 709 مریضوں نے ٹیبلٹ علاج حاصل کیا اور 699 کو پلیسیبو علاج وصول ہوا۔ مطالعے سے پتہ چلا کہ ٹیبلٹ علاج سے COVID-19 کے سبب شدید بیماری کے خطرے سے دوچار ویکسینیشن نہ کرانے والے مریضوں میں اسپتال میں داخل ہونے اور موت کا خطرہ 30% تک کم ہو گیا۔ چونکہ یہ مطالعہ صرف ویکسینیشن نہ کرانے والے لوگوں پر کیا گیا تھا، اس لئے اس بارے میں کچھ زیادہ معلوم نہیں ہے کہ علاج ویکسینیشن کرانے والوں کو کس طرح سے متاثر کرتا ہے۔ تاہم ڈینش ہیلتھ اتھارٹی کچھ ویکسینیشن کرانے والے افراد کے لیے علاج کی سفارش کرتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کچھ لوگ، مثال کے طور پر جن کی عمر 80 سال سے زائد ہے، ان کے ویکسینیشن کرانے کے باوجود اسپتال میں داخل ہونے کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔

بچے پیدا کرنے کی عمر کی خواتین کو علاج کے دوران موثر مانع حمل استعمال کرنے کی سفارش کی جاتی ہے۔ علاج کے دوران اور آخری گولی لے لینے کے بعد 4 دن تک دودھ پلانے سے گریز کرنا چاہئے۔

یہاں تک کہ اگر آپ ٹیبلٹ علاج حاصل کراتے/کراتی ہیں، تو بھی، اگر آپ میں شدید علامات سامنے آتی ہیں، جیسا کہ سانس لینے میں مشکل ہونا تو اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کرنا اہم ہے۔

## ضمنی اثرات کیا ہیں؟

سب سے زیادہ رپورٹ کردہ ضمنی اثرات میں ڈائریا، متلی، چکر آنا اور سر درد شامل ہیں۔ ڈینش ہیلتھ اتھارٹی کی سفارش جس مطالعے کی بنیاد پر ہے، اس میں تمام ضمنی اثرات ہلکے سے معتدل تھے۔ ہم ابھی تک طویل المدت ضمنی اثرات کے بارے میں نہیں جانتے ہیں۔

دوا کے تحفظ اور ضمنی اثرات کی کڑی نگرانی کی جاتی ہے اور تمام ضمنی اثرات کی اطلاع لازماً ڈینش میڈیسن ایجنسی کو دی جانی چاہیے۔

## میں مزید کہاں سے پڑھ سکتا ہوں؟

| | |
|---|---|
| **اورل اینٹی وائرل کے ساتھ COVID-19 کے علاج پر میمو**<br>سفارش کے لئے پیشہ ورانہ بنیاد کو بیان کرتا ہے۔ | https://www.sst.dk/da/Udgivelser/2021/Fagligt-notat-vedr-behandling-af-covid-19-med-orale-antiviralia |
| **عام مشق میں Lagevrio کا استعمال کرتے ہوئے علاج پر حقائق کا پرچہ**<br>ایک مختصر معلوماتی پرچہ جس میں عام پریکٹس ٹیبلٹ علاج بیان کیا گیا ہے۔ | https://www.sst.dk/da/Udgivelser/2021/Faktaark-behandling-med-Lagevrio-i-almen-praksis |
| **Lagevrio کا مصنوعاتی جائزہ**<br>عام پریکٹس میں ٹیبلٹ علاج کی تفصیلی وضاحت۔ | https://www.sst.dk/da/Viden/Laegemidler/Anbefalinger/Anmeldelser-af-nye-laegemidler/Praeparatanmeldelser/Lagevrio |
| **اگر آپ کے ناول کورونا وائرس کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آئے تو کیا کرنا چاہیئے؟**<br>بیان کرتا ہے کہ اگر آپ کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے اور آپ کی ناول کورونا وائرس سے متاثر ہونے کی تصدیق ہو جاتی ہے تو کیا کیا جائے۔ | https://www.sst.dk/da/Udgivelser/2020/Til-dig-der-er-testet-positiv-for-ny-coronavirus |
| **ڈینش ہیلتھ اتھارٹی کی ویب سائٹ**<br>آپ ڈینش ہیلتھ اتھارٹی کی ویب سائٹ پر ٹیبلٹ علاج کے بارے میں اکثر پوچھے جانے والے کچھ سوالات کے جوابات تلاش کرسکتے ہیں۔ | www.sst.dk/covid-tabletbehandling |